## الطاف حسین کی جانب سے سوات میں سیکوریٹی فورسز اور مزاحمت کاروں کے درمیان سیز فائر کے اعلان کا خیر مقدم
## پائیدار امن کیلئے ضروری ہے کہ دونوں طرفین اس بات پر غور کریں کہ اس جنگ کا فائدہ کس کو ہوگا۔الطاف حسین
## شمالی وجنوبی وزیرستان اور باجوڑ میں بھی محاذ آرائی کے بجائے دوبارہ سے مؤثر بات چیت کا سلسلہ شروع کیا جائے

لندن۔۔۔29 اکتوبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سوات میں سیکوریٹی فورسز اور مزاحمت کاروں کے درمیان سیز فائر کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے خوش آئند قرار دیا ہے تاہم انہوں نے کہا کہ صورتحال کے دیرپا حل اور پائیدار امن کیلئے ضروری ہے کہ دونوں طرفین جنگ تک پہنچنے کی صورتحال کا باریک بینی سے جائزہ لیں اور اس بات پر غور کریں کہ اس جنگ کا فائدہ کس کو ہوگا۔ جناب الطاف حسین نے سوال کیا کہ کیا اس جنگ اور قتل وغارت گری سے سوات کے عوام یا پاکستان کے عوام کو کوئی فائدہ ہوگا؟ انہوں نے حکومت اور مزاحمت کاروں سے دردمندانہ اپیل کی کہ موجودہ سیز فائر کے موقع کا فائدہ اٹھاتے ہوئے نہ صرف سوات بلکہ شمالی وزیرستان، جنوبی وزیرستان اور باجوڑ میں بھی محاذ آرائی کے بجائے دوبارہ سے مؤثر بات چیت کا سلسلہ شروع کیا جائے تاکہ جنگ کے نتیجے میں معصوم شہریوں کی جانوں کے مزید نقصان سے بچا جاسکے اور معاملات پوائنٹ آف نوریٹرن تک نہ پہنچ سکیں۔

## ایم کیوایم مذہبی رواداری پر یقین رکھتی ہے، ڈاکٹر عبدالقادر خانزادہ
## گلشن اقبال میں مدینتہ العلم میں حج تربیتی نشست سے خطاب

کراچی۔۔۔29/اکتوبر 2007ء

حق پرست وزیر مملکت برائے مذہبی امور ڈاکٹر عبدالقادر خانزادہ نے کہا کہ ایم کیوایم مذہبی رواداری پر یقین رکھتی ہے اور وہ بھائی چارے اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے کوشاں ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو جامعہ مسجد مدینتہ العلم میں حج کی تربیتی نشست سے خطاب کے دوران کیا جس میں حاجیوں کی بڑی تعداد شریک تھی۔ڈاکٹر عبدالقادر خانزادہ نے حج پر جانیوالے تمام حاجیوں کو اپنی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے حج کی مبارکباد دیتے ہوئے انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کا اتحادِ بین المسلمین کا پیغام پہنچایا اور کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ اتحاد بین المسلمین کا درس دیا ہے اور ایم کیوایم قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر عمل پیرا ہے۔انہوں نے کہا کہ ماضی حاجیوں کو دوران حج جو مشکلات درپیش رہی ہیں موجودہ حکومت ان کے ازالے کیلئے ہر ممکن کوششیں کررہی ہے اور انشاء اللہ رواں سال حاجیوں کو بہتر سہولیات فراہم کی جائیں گی اور ماضی کی غلطیوں کو دوہرایا نہیں جائیگا۔انہوں نے حاجیوں سے کہا کہ وہ اپنی دعاؤں میں ملک کی ترقی وخوشحالی، امن وامان اور بھائی چارے کے فروغ ساتھ ساتھ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور تندرستی کیلئے بھی دعا کریں۔قبل ازیں حج تربیتی نشست کے منتظمین نے حاجیوں کو حج کے طریقہ کار سے آگاہ کیا۔انہوں نے حکومت اور ایم کیوایم کا شکریہ ادا کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم علماء کمیٹی کے رکن مولانا فیروز الدین رحمانی بھی موجود تھے۔

## ذیشان احمد شہید کے قاتلوں کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے، ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔29/اکتوبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان قومی اسمبلی نے ایم کیوایم اسکیم 33 سیکٹر کے کارکن ذیشان احمد کی شہادت کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ ذیشان احمد شہید کے سفاک قاتلوں کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ ایم کیوایم اور اس کے منتخب نمائندے عوامی مسائل کے حل اور شہر کی تعمیر وترقی کیلئے کوشاں ہیں اور جو سازشی عناصر شہر میں تعمیر وترقی کے انقلاب سے خوفزدہ ہیں وہ نہیں چاہتے کہ ایم کیوایم عوامی مسائل حل کرے، شہر کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر ڈالے اور شہر کی میں جاری رات گئے تک پرامن شہری سرگرمیاں برقرار رہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے ماضی میں بھی قتل اور دہشت گردی کے واقعات کے باوجود انسانیت کی خدمت کے عمل سے کبھی ہاتھ پیچھے نہیں کیا اور اب جو عناصر دہشت گردی کے ذریعے اپنے مذموم عزائم کی تکمیل چاہتے ہیں انہیں ماضی کی طرح ناکامی کا سامنا کرنا پڑے گا۔انہوں نے ذیشان احمد شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ارکان قومی اسمبلی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ ڈاکٹر ارباب غلام رحیم سے مطالبہ کیا کہ ذیشان احمد کے قاتلوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے۔

## ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر کے شہید کارکن فاروق صدیقی کے والد اور ٹھٹھہ زون کے کارکن کے صاحبزادے کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔29/ اکتوبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر کے شہید کارکن فاروق صدیقی اور سابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی ہارون صدیقی کے والد عبدالغفار صدیقی اور ایم کیوایم ٹھٹھہ زون یونٹ شیخ مجید کالونی کے کارکن بدرالزمان کے صاحبزادے زبیر احمد صدیقی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔دریں اثناء عبدالغفار صدیقی مرحوم کو یاسین آباد کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔جنازے میں حق پرست ارکان سندھ اسمبلی عباس جعفری، امام الدین شہزاد، یوسی ناظمین، کونسلر، ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔

## بلوچستان ڈسٹرکٹ لورالائی کی مختلف سیاسی و مذہبی جماعتوں کے کارکنان کی متحدہ میں شمولیت

## ایم کیوایم، ملک بھر کے عوام کے مسائل کے حل کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے، جنت گل کاکڑ

کوئٹہ۔۔۔29، اکتوبر 2007ء

صوبہ بلوچستان کے ڈسٹرکٹ لورالائی سے تعلق رکھنے والے مختلف سیاسی و مذہبی جماعتوں کے کارکنان نے ایم کیوایم کے فکر وفلسفہ اور غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کیلئے عملی جدوجہد سے متاثرہ ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ڈسٹرکٹ لورالائی کی سیاسی شخصیت خواجہ محمد یوسف کی رہائش گاہ پر ایم کیوایم بلوچستان کی صوبائی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان ملک جنت گل کاکڑ اور شاہ حسین سے ملاقات کے دوران کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم ایم کیوایم لورالائی کے کارکنان بھی موجود تھے۔ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والے افراد میں خواجہ محمد یوسف، عبدلرزاق خان کاکڑ، محمد فیصل، بشیر احمد، رحمت اللہ، واحد گل ترین، محمد افضل، مجیب الحسن، خواجہ منیر احمد، حسین علی پیرزادہ، کاشف احمد، محمد یونس پٹھان، جہانزیب خان ناصر، مرید حسین چنگیزی، عابداللہ موسیٰ خیل، محمد قیصر، خواجہ ثاقب اور دیگر شامل ہیں۔ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والے افراد نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر وفلسفہ ملک بھر کے غریب ومظلوم عوام کے دلوں کی دھڑکن بن چکا ہے اور ملک بھر کے عوام اپنے حقوق کے حصول کی جدوجہد میں ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہورہے ہیں۔قبل ازیں ملک جنت گل کاکڑ نے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایم کیوایم، ملک بھر کے عوام کے مسائل کے حل کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والے افراد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم، عوام کے اتحاد سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ کردے گی۔واضح رہے کہ ایم کیوایم بلوچستان کی صوبائی کمیٹی کے ارکان تنظیمی دوروں کے دوران مختلف سیاسی و مذہبی جماعتوں کے کارکنان سے ملاقاتیں کرکے انہیں ایم کیوایم کے فکر وفلسفہ سے آگاہ کررہے ہیں۔

## ایم کیوایم کینیڈا یونٹ کا سید احمد خمور سے اظہار تعزیت

ٹورانٹو۔۔۔29، اکتوبر 2007ء

ایم کیوایم کینیڈا یونٹ کے نگراں ڈاکٹر سید علی، قائم مقام سینٹرل آرگنائزر شکیل اختر اور آرگنائزنگ کمیٹی کے دیگر ارکان نے ایم کیوایم کینیڈا کیلگری یونٹ کے کارکن سید احمد خمور کے خسر عبدالکریم جیلانی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔دریں اثناء ایم کیوایم کینڈا یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی نے ایم کیوایم کیلگری یونٹ کے انچارج حسن نواب کی خوشدامن کی شدید علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی۔

## ترقیاتی کام آنے والے وقتوں میں کراچی کا نقشہ تبدیل کر دیں گے، سٹی ناظم مصطفیٰ کمال

## ایم کیوایم کی بڑھتی ہوئی مقبولیت مخالفین کیلئے پریشانی کا باعث بنی ہوئی ہے، حیدرعباس رضوی

## ڈیفنس کلفٹن ریذیڈنٹس کمیٹی کے تحت منعقدہ کارنر میٹنگ سے خطاب، کارنر میٹنگ میں مختلف شعبہ ہائے زندگی کے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی

کراچی ۔۔۔29، اکتوبر 2007ء

کراچی کے سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ عوام کی عملی خدمت ہمارا خاصہ ہے اور تعمیراتی و ترقیاتی کام آنے والے وقتوں میں شہر کا نقشہ تبدیل کر دیں گے ۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم ڈیفنس کلفٹن ریذیڈنٹس کمیٹی کے زیراہتمام ڈیفنس میں منعقدہ ایک کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں کلچرل اینڈ لٹریری فورم کی صدر محترمہ خوش بخت شجاعت، ایم کیوایم کے ارکان قومی اسمبلی حیدرعباس رضوی، اخلاق حسین عابدی، رکن سندھ اسمبلی اختر بلگرامی، بریگیڈیئر ریٹائرڈ طارق خلیل، بریگیڈیئر ریٹائرڈ مظفر، بزنس مین فاروق، محترمہ ڈاکٹر سائرہ خان، پروفیسر انیس زیدی، کالم نگار حسن ظہیر، اختر جعفری، محترمہ قدسیہ اکبر آرائیں، چیئرمین ایسوسی ایشن گلزار فیروز، چیف ایڈیٹر دیانت نجم الدین شیخ، مینیجنگ ڈائریکٹر ماس ایڈورٹائزر محمد اکبر، جنرل مینیجر سندھ آئل ملز وحید زبیری، ایچ ڈی ٹیکسٹائل ملز علی ڈوسا، مارکیٹنگ پی ایس ڈائریکٹر محمد امین کے علاوہ مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے خواتین وحضرات نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔ سید مصطفیٰ کمال نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ شہر کی ترقی و خوشحالی کیلئے حق پرست قیادت نے کوئی کسر باقی نہیں چھوڑی ہے اور سیوریج سے لیکر عوام کے تمام بنیادی اور دیرینہ مسائل کے حل کی عملی کوششیں کررہے ہیں ۔ انہوں نے بتایا کہ موجودہ حق پرست قیادت کے دور میں شہر میں کرائے گئے ترقیاتی وتعمیراتی منصوبے عوام کی توجہ کا مرکز بنے ہوئے ، شروع شروع میں ان منصوبوں سے لاحق ہونے والی عوامی مشکلات پر نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتوں نے فائدہ اٹھانے کی کوششیں کیں لیکن حق پرست قیادت کی مخلصانہ کوششوں سے شروع ہونے والے عظیم الشان منصوبوں نے نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتوں کے منہ بند کر دیئے ہیں ۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے رکن قومی اسمبلی حیدرعباس رضوی نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کے تحت حق پرست قیادت کے یہ فرائض میں شامل ہے کہ وہ عوام کی خدمت کو اپنا نصب العین بنائیں اور بلاتفریق عوام الناس کو فیض پہچائیں ۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی بڑھتی ہوئی مقبولیت مخالفین کیلئے پریشانی کا باعث بنی ہوئی ہے اور آج ہر مکتبہ فکر، قومیت، برادری کے لوگ بڑی تعداد میں متحدہ قومی موومنٹ میں شامل ہیں اور ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ہوکر اپنے جائز حقوق کی جدوجہد کررہے ہیں ۔ کارنر میٹنگ سے حق پرست رکن سندھ اسمبلی فیصل سبزواری اور کلچرل اینڈ لٹریری فورم کی صدر محترمہ خوش بخت شجاعت نے بھی خطاب کیا۔ اس موقع پر کارنر میٹنگ میں موجود مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آج حق پرست قیادت کے حوالے سے پھیلائے گئے منفی پروپیگنڈوں سے پردہ اٹھ گیا ہے اور ہماری آنکھیں کھل گئی ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ حق پرست قیادت کے حقیقی اور عملی کاموں سے ہمیں واقفیت حاصل ہوئی جوکہ ہم دیگر لوگوں تک بھی پہنچائیں گے انہوں نے اس قسم کی تقاریب کے انعقاد کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

## ایم کیوایم ایلڈر زونگ کے جوائنٹ انچارج کی اہلیہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔29، اکتوبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ایلڈرزونگ کے جوائنٹ انچارج وحید کی اہلیہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے ۔ ( آمین )

☆☆☆☆☆